علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، اسلام آباد

(درس نظامی پروگرام)

عزیز طلبہ! آپ یہ بات ذہن نشین کرلیں کہ:

1۔ اگر آپ اپنی امتحانی مشق میں کسی اور کی تحریر میں سے مواد چوری کر کے لکھیں گے یا آپ اپنی امتحانی مشق کسی دوسرے طالب علم سے لکھوائیں گے تو آپ سرٹیفکیٹ یاڈگری سے محروم ہوسکتے ہیں خواہ اس کا علم کسی بھی مرحلہ پر ہو جائے۔

2۔ کسی دوسرے طالب علم سے ادھار لی گئی یا چوری کی گئی امتحانی مشق پر علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی اسلام آباد کی "مواد کی چوری Plagiarism "پالیسی کے مطابق سزادی جائے گی۔

کورس: تاریخ وتعارف اصول فقہ (2974) **سمسٹر: بہار،2026ء**

سطح: بی ایس علوم اسلامیہ

ہدایت نامہ برائے طلبہ

برائے مہربانی امتحانی مشقیں حل کرنے سے پہلے درج ذیل ہدایات کو غور سے پڑھیے

1- تمام سوالات کے نمبر مساوی ہیں البتہ ہر سوال کی نوعیت کے مطابق نمبر تقسیم ہوں گے۔

2- سوالات کو توجہ سے پڑھیئے اور سوال کے تقاضے کے مطابق جواب تحریر کیجئے۔

3- ہاتھ سے تحریر شدہ سکین (Scanned) امتحانی مشقیں قبول نہیں کی جائیں گی۔

4- ٹائپ کی گئی امتحانی مشقیں (Word یا PDF فارمیٹ) میں LMS پر بروقت یا مقررہ تاریخ سے قبل اَپ لوڈ کریں۔

5- مقررہ تاریخ کے بعد / تاخیر کی صورت میں امتحانی مشقیں اَپ لوڈ نہ ہوسکیں گی جس کی تمام تر ذمہ داری طالب علم پر ہو گی۔

6- آپ کے تجرباتی اور نظریاتی طرزِ تحریر کی قدر افزائی کی جائے گی۔

7- غیر متعلقہ بحث / معلومات اور کتب، سٹڈی گائیڈ یا دیگر مطالعاتی مواد سے ہو بہو نقل کرنے سے اجتناب کیجئے۔

کل نمبر:100 کامیابی کے نمبر:50

امتحانی مشق نمبر1

(یونٹ:1تا4)

سوال نمبر1 حنفی مسلک کا تاریخی پس منظر اور اس کی اہم فقہی خصوصیات بیان کریں۔ ساتھ ہی عہد صحابہؓ میں قانون سازی کے طریقہ کار واضح کریں۔ (20)

سوال نمبر2 دور صحابہؓ کے اہم فقہی مراکز کون سے تھے اور ان کی اہمیت بیان کریں۔ نیز ساتھ پاکستان میں اسلامی قانون سازی کے ارتقاء اور اس کی اہم مراحل پر نوٹ لکھیں۔ (20)

سوال نمبر3 فقہ مالکی کا تعارف پیش کریں اور اصول استنباط اور قواعد کے استعمال کی وضاحت کریں۔ (20)

سوال نمبر4 فقہ، اصول فقہ، تفصیلی و جزئی دلیل اور اجمالی دلیل میں فرق واضح کریں۔ اس کے بعد فقہ اباضیہ اور فقہ ظاہریہ کی خصوصیات اور طریقہ کار بیان کریں۔ (20)

سوال نمبر5 فقہ اسلامی کے مختلف مکاتب فکر میں نصوص کی تشریح اور اجتہاد کے لیے استعمال ہونے والے اصول و قواعد کی اہمیت بیان کریں۔ (20)

کل نمبر:100 کامیابی کے نمبر:50

امتحانی مشق نمبر2

(یونٹ:5تا9)

سوال نمبر1 استحسان اور مصالح مرسلہ کی تعریف اور اہمیت بیان کریں۔ نیز مصالح کی اقسام اور ان کے فقہی احکام بھی واضح کریں۔ (20)

سوال نمبر2 مشترک کی تعریف، حکم اور عمومی حیثیت بھی بیان کریں اور ہر ایک کی مثالیں اور فقہی احکام تحریر کریں۔ (20)

سوال نمبر3 حقیقی اور مجازی معنی کے درمیان تعلق کی اقسام بیان کریں اور مجاز کی تعریف اور اس کے فقہی احکام واضح کریں۔ (20)

سوال نمبر4 اجتہاد کی تعریف، اقسام اور احکام بیان کریں۔ اس کے ساتھ واجب اور حرام کی تعریف، اقسام اور فقہی احکام بھی واضح کریں۔ (20)

سوال نمبر5 ادلتہ الاحکام کا مفہوم، ضرورت و اہمیت بیان کریں۔ ساتھ ہی استصحاب، نہی، مفہوم، وجوہ البیان اور نسخ کی تعریفیں، اقسام اور فقہی احکام بھی تحریر کریں، اور تعارض و ترجیح کے احکام پر روشنی ڈالیں۔ (20)